سوال 1 گندم کی بیع اس کے خوشوں (بالیوں) میں کرنے کا حکم تحریر کریں؟

گندم کی بیع اس کے خوشوں میں کرنا جائز ہے۔

سوال 2 متعاقدین میں سے اگر کوئی قبول کرنے سے پہلے اٹھ گیا تو ایجاب کا کیا حکم ہے؟

ایجاب باطل ہو جائے گا

سوال 3 واجرة الكيال وناقد الثمن على البائع واجرة وزن الثمن على المشتري نفس مسئلہ کی وضاحت کریں؟

ناپنے اور ثمن کو پرکھنے کی مزدوری فروخت کرنے والے پر ہوگی اور ثمن کا وزن کرنے والے کی مزدوری مشتری پر ہوگی

سوال 4 صاحبین کے نزدیک مدت خیار کتنی ہے؟

صاحبین کے نزدیک خیار شرط کی کوئی مدت نہیں بلکہ جو مدت بھی بیان کر دی جائے بشرطیکہ وہ معلوم ہو تو خیار شرط درست ہے۔

سوال 5 ثمن کے بدلے سامان کی خرید و فروخت میں ثمن کی ادائیگی مقدم ہوگی یا مبیع کی؟

ثمن کی ادائیگی مقدم ہوگی۔

سوال 6 عیب کی تعریف کریں؟

ہر وہ چیز جو تاجروں کے عرف میں ثمن کی کمی کا سبب ہو اسے عیب کہتے ہیں۔

سوال 7 ومن شرط له الخيار فله ان يفسخ في مدة الخيار نفس مسئلہ کی وضاحت کریں؟

جس شخص کو خیار شرط حاصل ہے تو اس کو اختیار ہے کہ مدت خیار میں بیع فسخ کر سکے۔

CS CamScanner

سوال 8 ومن باع دابہ الا حملھا حکم تحریر کریں؟

جس نے جانور فروخت کیا سوائے اس کے حمل کے تو بیع فاسد ہے

سوال 9 اقالہ کسے کہتے ہیں؟

اقالہ کا لغوی معنی بیع کو توڑنا۔ باہم رضامندی سے بائع اور مشتری کا بیع کو ختم کر دینا اسے اقالہ کہتے ہیں؟

سوال 10 ومن باع اشتری عبدًا فاعتقہ او مات عندہ ثم اطلع علی عیب رجع بنقصانہ نفس مسئلہ کی وضاحت کریں؟

جس شخص نے غلام کو خریدا اسے آزاد کر دیا یا وہ غلام اس کے پاس فوت ہو گیا پھر وہ (مشتری) عیب پر مطلع ہوا تو وہ نقصان کیلئے بائع (فروخت) سے رجوع کر سکتا ہے

سوال 11 تولیہ کی تعریف کریں؟

جو ثمن اول کے ساتھ ہو اس پر زیادتی (نفع) نہ ہو مثلاً کوئی چیز 1000 کی خریدی اور 1000 کی فروخت کر دی بیع تو یہ کہلاتی ہے

سوال 12 الربوا محرم فی کل مکیل او موزون اذا بیع بجنس متفاضلاً ترجمہ تحریر کریں۔

ربا حرام ہے ہر اس مکیلی یا موزونی چیز میں جب بیع کی جائے اس کی ہم جنس کی زیادتی کے ساتھ

سوال 13 ولا یجوز بیع الجید بالردی مما فیہ الربوا الا مثلاً بمثل نفس مسئلہ لکھیں۔

عمدہ کی بیع کم تر ردی کے ساتھ جائز نہیں ہے مگر برابر برابر جائز ہے

سوال 16 بیع سلم کن چیزوں میں جائز نہیں ہے؟

بیع سلم حیوان اور اس کے سری، پائے میں جائز نہیں۔

سوال 17 بیع صرف کی تعریف کریں؟

صرف کا لغوی معنی پھیرنا ثمن کی ثمن کے ساتھ بیع کرنا بیع صرف کہلاتا ہے۔

سوال 16 کسی نے دین کا اقرار کرکے کسی شے کا استثناء کیا تو کیا یہ استثناء نافذ ہوگا؟

استثناء درست ہے۔

سوال 17 کسی نے ۱۰۰ دینار دین کا اقرار کرکے تمام دین کا استثناء کر دیا تو کیا یہ استثناء نافذ ہوگا؟

اقرار لازم ہوگا استثناء باطل ہو جائے گا۔

سوال 18 اجارہ درست ہونے کی شرائط لکھیں۔

(i) منافع معلوم ہو۔ (ii) اجرت معلوم ہو۔

سوال 19 کام بیان کئے بغیر دوکانوں اور مکانوں کو کرائے پر لینے کا حکم تحریر کریں؟

دوکانوں اور مکانوں کو کرایہ پر لینا کام بیان کئے بغیر جائز ہے مگر لوہار، دھوبی اور پیائی کے پیشے کے۔

سوال 20 اجیر مشترک کی تعریف کریں؟

اجیر مشترک وہ شخص ہے جو اجرت کا مستحق نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ کام کریں جیسے رنگساز اور دھوبی

سوال 21 بیع سلم کے صحیح ہونے کی پانچ شرائط لکھیں؟

جنس معلوم ہو۔ نوع معلوم ہو۔ وصف معلوم ہو مقدار معلوم ہو۔ مدت معلوم ہو۔ ثمن کی مقدار بیان کرنا۔ ایسی چیزوں میں جن کی مقدار کے ساتھ عقد متعلق ہو۔ بیع سلم جائز نہیں یہاں تک جدا ہونے سے قبل ثمن پر قبضہ کر لے

**سوال 22** ومن استاجر بعیرا الی مکة فللجمال ان یطالبه باجرة کل مرحلة ولیس للقصار والخیاط ان یطالب بالاجرة حتی یفرغ من العمل الا ان یشترط التعجیل نفس مسئلہ کی وضاحت کریں؟

اگر کسی نے اونٹ مکہ مکرمہ تک لے جانے کیلئے کرایہ پر لیا پس اونٹ والے کیلئے جائز ہے کہ وہ اجرت کا مطالبہ کرے ہر منزل پر اور دھوبی اور درزی کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ اجرت کا مطالبہ اس وقت تک کہ وہ کام سے فارغ ہو جائے مگر یہ کہ ایسے دینے کی شرط لگا دے

**سوال 23** الشرکة علی ضربین شرکة املاک وشرکة عقود شرکت عقود کی کتنی اقسام ہیں ہر ایک کی تعریف کریں؟

شرکت عقود کی چار اقسام ہیں۔

**شرکت مفاوضہ:** جس میں دونوں شریک مال تصرف اور مذہب میں برابر ہو۔

**شرکت عنان:** دو یا دو سے زائد اشخاص کا مال اور نفع میں شرکت اختیار کرنا چاہے دونوں کا مال اور تصرف برابر ہو یا نہ ہو۔ اسی طرح مذہب ایک ہو یا نہ ہو۔

**شرکت صنائع:** کہ دو پیشہ ور اس بات پر شرکت کریں کہ جو بھی کام لے گے اس میں دونوں شریک ہوں گے جو آمدنی ہو گی وہ نصف نصف تقسیم کریں گے یا شرط کے مطابق تقسیم کریں گے تو یہ شرکت جائز ہے مثلاً درزی

**شرکت وجوہ:** کہ دو ایسے آدمی کہ جن کے پاس مال نہ ہو اور وہ اس پر شرکت کر لیں کہ دونوں میں سے ہر اپنے تعلقات کی بنا پر لوگوں سے ادھار مال خرید کر آگے نقد فروخت کریں گے تو یہ طریقہ شرکت کا جائز ہے

سوال 24 کیا واقف کی ملک وقف کرنے سے زائل ہو جاتی ہے امام اعظم اور امام ابو یوسف کا مذہب تحریر کریں؟

واقف کی ملک وقف سے امام اعظم کے نزدیک ختم نہیں ہوتی مگر یہ کہ حاکم اس کے ختم ہونے کا فیصلہ کر دیں یا خود واقف اس کو اپنے فوت ہونے پر معلق کر دے کہ یوں کہے کہ جب میں فوت ہو جاؤں تو میرا مکان فلاں کیلئے وقف ہے امام ابو یوسف نے فرمایا کہ صرف کہنے سے ہی ملک ختم ہو جاتی ہے

سوال 25 اگر کسی نے کوئی غیر مثلی چیز غصب کر لی اور وہ اس کے پاس ہلاک ہو گئی تو اس کا کیا حکم ہے

اگر کسی نے کوئی غیر مثلی چیز غصب کر لی (وہ ہلاک ہو گئی) تو اس پر اس کی قیمت واجب ہو گی اور غاصب پر عین مغصوب کو واپس کرنا واجب ہے

سوال 26 و للمعیر ان یرجع فی العاریۃ متی شاء والعاریۃ امانۃ فی ید المستعیر ان ھلک من غیر تعد لم یضمن المستعیر و لیس للمستعیر ان یوجر ما استعارہ فان آجرہ فھلک ضمن ولہ ان یعیرہ اذا کان المستعار مما لا یختلف باختلاف المستعمل نفس مسئلہ بیان کریں

عاریت پر دینے والے کو حق ہے عاریت کو واپس لے لیں جب وہ چاہے عاریت مستعیر کے پاس امانت رہے گی اگر ہلاک ہو جائے بغیر زیادتی کے تو مستعیر پر ضمان نہیں ہو گا اور مستعیر کو یہ حق ہے کہ جس چیز کو عاریت پر لیا اس کو اجرت پر دے اگر اس نے اسی کو اجرت پر دے دیا اور وہ ہلاک ہو گئی تو ضامن ہو گا اور مستعیر کو یہ حق ہے کہ وہ اس شی کو عاریت پر دے جب کہ شی مستعار ایسی چیزوں میں سے ہو جو استعمال کرنے والوں کے اختلاف سے نہ بدلتی ہو

ادھار بیع کب جائز ہے؟

ادھار بیع جائز ہے۔ جب کہ مدت معلوم ہو۔

ومن باع صبرة طعام کل قفیز بدرھم جاز البیع فی قفیز واحد نفس مسئلہ معلوم کرلیں۔

اور جس شخص نے گندم کا ڈھیر بیچا ہر قفیز ایک درہم کے بدلے تو بیع ایک درہم میں امام اعظم کے نزدیک جائز ہو گی مگر یہ باقیوں میں باطل مگر یہ کہ باقی قفیزوں کو بیان کر دیا جائے صاحبین کے نزدیک دونوں صورتوں میں درست ہے۔

پھل لگے درخت میں درخت کو بیچا تو پھل کس کے ہوں گے؟

پھل بائع کے ہوں گے مگر یہ کہ خریدار ان کی شرط لگائے اور بائع سے کہا جائے گا۔ پھل کاٹو اور مبیع حوالے کر دو۔

بیع میں خیار شرط کس کو حاصل ہے؟

خیار شرط جائز ہے بیع میں۔ مشتری اور بائع دونوں کے لیے۔

جس کو خیار رویت حاصل اور وہ مر جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جس کو خیار رویت حاصل تھا اس کا خیار باطل ہو جائے گا۔

چھوٹے غلام میں بیع و شرائط کے حوالے سے پائے جانے والے کوئی تین عیب بیان کریں۔

(1) بھاگنا (2) بستر پر پیشاب کرنا (3) چوری کرنا

اقالہ کا اختیار کس کو حاصل ہے؟

اقالہ کا اختیار دونوں کو حاصل ہے۔ جو ثمن پہلے

اسباب حجر کون کون سے ہیں

(i) نابالغ (ii) غلامی (iii) یا گل پن

ومن مات ابوہ فاقر باخ لم یثبت نسب اخیہ منہ و یشارکہ فی المیراث۔ نفس مسئلہ لکھیں۔

جس کا والد فوت ہو گیا اور اس نے بھائی ہونے کا اقرار کیا تو اس سے بھائی ہونے کا نسب ثابت نہ ہوگا۔ لیکن میراث میں شریک ہوگا۔

اجارہ کسے کہتے ہیں۔

کسی شے کے نفع کا عوض کے مقابل کسی شخص کو مالک کر دینا۔

صلح کی تین قسمیں کونسی ہیں۔

(i) صلح مع سکوت (ii) صلح مع الانکار (iii) صلح مع الاقرار

کوئی سے تین الفاظ جن سے ہبہ منعقد ہو جاتا ہے۔

(i) وھبتک (ii) نحلتک (iii) اعطیتک

ودیعت کا حکم کیا ہے اگر مودع سے ہلاک ہو جائے تو کیا تاوان لازم ہوگا یا نہیں؟

ودیعت مودع کے پاس امانت ہوتی ہے۔ اگر ودیعت مودع سے ہلاک ہو جائے تو وہ ضامن نہ ہوگا۔

عاریہ کسے کہتے ہیں۔

عوض کے بغیر منافع کا مالک ہونا۔

بیع فاسد کی تعریف کرتے ہوئے سات مثالیں۔

عوضین میں سے دونوں یا ایک غیر حرام ہو تو بیع فاسد ہو جاتی ہے۔ مثال غیر مملوک

[illegible]

ونهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن النجش وعن السوم على سوم غيره وعن تلقى الجلب۔ تشریح کریں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا دھوکہ سے، بولی پر بولی لگانے سے، شہری کا دیہاتی سے جا کر ملنے سے

وإذ فصد الفصاد أو بزغ البزاغ ولم يتجاوز الموضع المعتاد فلا ضمان عليهما فيما عطب من ذلك وإن تجاوزه فمن:

شرکت مفاوضت کے دو حکم لکھیں۔

1۔ شرکت مفاوضت میں شریکین میں سے ہر ایک دوسرے کا وکیل بھی اور کفیل بھی ہوتا ہے (2) اگر شریک پر قرض آئے گا تو دوسرا اس میں نصف شریک ہوگا۔

ریشم سے تعلق رکھنے والے چار مسائل بیان کریں۔

(i) مردوں کے لیے ریشم کا لباس پہننا حلال نہیں ہے

(ii) عورتوں کے لیے ریشم کا لباس پہننا حلال ہے

(iii) ریشم کا تکیہ لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے امام اعظم کے نزدیک

(iv) صاحبین کے نزدیک ریشم کا تکیہ لگانا مکروہ ہے۔

(v) جنگ میں ریشم اور دیباج پہننا مکروہ نہیں امام اعظم کے نزدیک۔ صاحبین کے نزدیک مکروہ ہے

**خیار شرط کی مدت کتنی ہے؟ امام اعظم کے نزدیک۔**

3 دن یا اس سے کم ہے۔

**خیار رؤیت کی تعریف کریں۔**

اگر کوئی کسی چیز کو بغیر دیکھے خریدے تو دیکھنے کے بعد اختیار ہے چاہے تو خرید لے یا رد کر دے۔

**بیع مزابنہ اور بیع منابزہ میں فرق بیان کریں۔**

بیع مزابنہ ہے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کے عوض اندازے سے اتاری ہوئی کھجوروں کی بیع کرنا۔

منابزہ۔ کپڑے کا ریٹ طے ہو رہا تھا۔ بائع نے مشتری کی طرف کپڑا پھینک دیا۔

**ربا کا لغوی معنی** مطلقاً زیادتی کو کہتے ہیں۔

**ربا کا اصطلاحی معنی** ایسی زیادتی کرنا جو بغیر کسی عوض کے ہو۔

**ربا کی علت۔** کیل مع الجنس وزن مع الجنس

**- صاحبین امام اعظم کے نزدیک لڑکے اور لڑکی کی عمر بلوغت؟**

امام اعظم کے نزدیک لڑکا بالغ ہو گا 18 سال میں اور لڑکی 17 سال میں۔ صاحبین کے نزدیک 15 سال کی عمر میں دونوں بالغ ہو جائیں گے

**چیزوں کے مکیلی اور موزونی ہونے میں ضابطہ بیان کریں۔**

جب بیع کی جائے کیلی چیز کی اس کی جنس کے ساتھ یا موزونی کی موزونی چیز کے ساتھ تو برابر برابر بیع جائز ہے زیادتی جائز نہیں ہے۔

**شفعہ کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں۔ نیز ترتیب لکھیں۔**

شفعہ کی 3 اقسام ہیں۔

(1) نفس مبیع (2) حق مبیع (3) ہمسائیوں کے لیے

ترتیب اسی کی موجودگی میں دوسرا محروم ہو گا

مضاربت کے درست ہونے کی شرائط بیان کریں۔

نفع ان دونوں کے درمیان مشترک ہو کہ ان میں سے کوئی ایک متعین دراہم کا مستحق نہ ہو اور ضروری ہے کہ مال مضارب کے حوالے کیا گیا ہو۔ اور مال والے پر اس کا قبضہ نہ ہو۔

ج: کتاب الوکالۃ کی دو اقسام لکھیں "العقود التی یعقدہا الوکلاء علی ضربین"

وہ عقود جن کو وکلاء کرتے ہیں۔ دو قسم پر ہیں۔

1۔ وہ عقود جن کو وکیل کرتے وقت موکل کی بجائے اپنی طرف منسوب کرتا ہے۔ مثلاً خرید و فروخت

2۔ وہ عقود جن کو وکیل اپنی طرف منسوب کرنے کی بجائے موکل کی طرف کرتا ہے۔

کفالت کی اقسام 2 ہیں۔

(i) کفالت بالمال (ii) کفالت بالنفس

مال کی کفالت جائز ہے اور ضامن پر مکفول بہ کو حاضر کرنا لازم ہے۔ کفالت بالنفس منعقد ہوتی ہے جب کوئی کہے کہ میں فلاں کی جان، گردن یا روح کا ضامن یا کفیل ہوں۔ اس کا

وھبت، نحلت، اعمرتک ھذا الشیء۔ مذکورہ الفاظ کے معانی بیان کریں۔

(i) میں نے تجھے ھبہ کیا۔ (ii) میں نے تجھے دے دیا۔
(iii) میں تجھے یہ چیز عمر بھر کے لیے دے رہا ہوں
ان سب سے ھبہ کرنا جائز ہے

ودیعت کی تعریف لکھیں؟

جو مال دوسرے کے پاس بطور حفاظت رکھا جاتا ہے

وصیت کا حکم بیان کریں۔

بعض ائمہ فقہاء نے فرمایا وصیت پر عمل کرنا واجب ہے۔ امام محمد قدوری نے فرمایا مستحب ہے

وَمَنْ بَاعَ صُبْرَةَ طَعَامٍ عَلَى أَنَّهَا مِائَةُ قَفِيزٍ بِمِائَةِ دِرْهَمٍ فَوَجَدَهَا أَقَلَّ فَالْمُشْتَرِي بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ أَخَذَ الْمَوْجُودَ بِحِصَّتِهِ وَإِنْ وَجَدَهَا أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ

جس نے گندم کا ڈھیر بیچا اس شرط پر کہ وہ سو قفیز سو درہم کے بدلے اگر 100 قفیز سے کم ہو تو مشتری کو اختیار ہے کہ چاہے تو موجود کو اس کے عوض ثمن کے کم بدلے لے۔ چاہے تو بیع کو فسخ کر دے۔ اگر مشتری نے 100 درہم سے زیادہ پایا تو زیادتی بائع کے لیے ہو گی۔

اَلسَّلَمُ جَائِزٌ فِي الْمَكِيلَاتِ وَالْمَوْزُونَاتِ وَالْمَعْدُودَاتِ الَّتِي لَا تَتَفَاوَتُ كَالْجَوْزِ وَالْبَيْضِ وَالْمَذْرُوعَاتِ وَلَا يَجُوزُ السَّلَمُ فِي الْحَيَوَانِ وَلَا فِي أَطْرَافِهِ وَلَا فِي الْجُلُودِ عَدَدًا

بیع سلم مکیلی، موزونی اور ایسی عددی چیزوں میں جائز ہے۔ جس میں تفاوت نہیں۔ جیسے اخروٹ انڈے اور گز سے پیمائش کی جانے والی چیزوں میں۔ اور بیع سلم جائز نہیں ہے۔ حیوان اور اس کے سری پائے اور کھال میں عدد کے اعتبار سے۔

الف۔ وَإِذَا رَهَنَ عَيْنًا وَاحِدَةً عِنْدَ رَجُلَيْنِ بِدَيْنٍ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا۔

اور جب ایک ہی چیز دو آدمیوں کے پاس دونوں میں سے ہر ایک کو دین کے بدلے میں رہن رکھے۔ تو جائز ہے

نیز۔ اگر ایک چیز رھن تھی ہلاک ہو گیا تو
ضمان کا طریقہ کار کیا ہوگا؟ اگر رھن ہلاک ہو جاتی ہے
اگر دو آدمیوں کو رہن اپنے اپنے حصے کے قرض کے مطابق ضامن
ہوں گے۔ نہ کہ ہر ایک کل کا ضامن ہوگا۔

جب رب المال نے مضارب کو مال سے
معزول کر دیا تو مضارب کو اپنے معزول
ہونے کا علم ہونے اور نہ ہونے کی صورت میں
بیع کی اور شرائع کی وضاحت بیان کریں۔

مضارب کو معزول ہونے کا علم ہی نہ ہو تو مضارب
کے لیے بیع و شرائع کے تصرفات جائز ہیں۔ اصول
یہ ہے کہ اختیاری معزول کی صورت میں وکیل علم
سے پہلے معزول نہ ہوگا اگر مضارب کو معزول ہونے
کا علم ہو اور مال مضاربت اس کے پاس سامان
کی شکل میں موجود ہو تو مضارب کو سامان
فروخت کر کے ثمن لینا جائز ہے مگر ثمن کو
خرچ کرنے کی اجازت نہ ہوگی یہ مسئلہ اس
اصول پر ہے۔